© rasailojaraid.com



کا خلاصۂ کلام یہ ہے کہ عالم اسلام کے خلاف امریکہ و برطانیہ کی حالیہ مہم' ایک خوف ناک ترین جدید صلیبی وصہیونی جنگ عظیم ہے۔]

☆ **سیارہ'** اشاعت خاص (مارچ' اپریل ۲۰۰۲ء)' نگران: نعیم صدیقی۔ مقام اشاعت: ایوانِ ادب' چوک اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۵۶ روپے۔ [''تعمیری اور فلاحی ادب کا نقیب'' یہ رسالہ اپنی نوعیت کا واحد ادبی پرچہ ہے۔ معروف اور کہنہ مشق قلم کاروں کے ساتھ' چند نئے لکھنے والوں کی کاوشیں بھی شامل ہیں۔ مرزا محمد منور پر تحسین فراقی اور طاہر شادانی پر انور سدید کے خیالات۔ امین راحت چغتائی کا مضمون ''ادیب اور یک جہتی''۔ حمد و نعت' افسانے' غزلیں' تبصرے سب قابل مطالعہ۔]

☆ **دفاع ختم نبوتؐ'** محمد طاہر رزاق۔ ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوتؐ' حضوری باغ روڈ' ملتان۔ صفحات: ۱۹۶۔ قیمت: ۹۰ روپے۔ [ردِّ قادیانیت کے سلسلے میں علما' صحافیوں اور اکابر کی مختلف النوع کاوشوں کا ذکر۔ تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء کی کچھ تفصیل۔ مسلم قادیانی مناظرے وغیرہ وغیرہ۔ ''ان چراغوں کو روشن کریں ان میں خونِ جگر ڈالیں...... قادیانیت کا اندھا سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے''۔]

☆ **امریکی یلغار'** رفعت سروش فیصل۔ ناشر: ہم خیال پبلشرز' رحیم سنٹر پریس مارکیٹ' امین پور بازار' فیصل آباد۔ صفحات: ۲۰۳۔ قیمت: ۱۶۰ روپے۔ [ضمنی عنوان: ''سیاسی تجزیے'' --- افغانستان اور عالم اسلام پر حالیہ امریکی یلغار کے حوالے سے اور ملی نقطۂ نظر سے لکھے جانے والے کالم' رواں دواں اسلوب۔ کالموں کے ساتھ تاریخ تحریر لکھنا مناسب تھا۔]

☆ **حیا بھری نظر'** سجاد حمید خاں۔ ناشر: سجاد پبلشرز حمید مارکیٹ' کبیر سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔ صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۳۶ روپے۔ [عفت قلب و نگاہ' اسلامی اصول معاشرت اور تزکیہ نفس کا اہم نکتہ ہے۔ ''قرآن و حدیث اور عقل کی روشنی میں'' حیا کی اہمیت اور نظربازی کے فتنے یا بدنگاہی کی خرابیوں اور اس کے دور رس نقصانات کا بیان۔]

☆ **بلبلیں نواب کی'** موسیٰ رضا۔ ترجمہ: شاہ محی الدین فاروقی۔ ناشر: فضلی سنز' اُردو بازار' کراچی۔ صفحات: ۲۰۴۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [۱۹۶۰ء میں بھارتی انتظامی سروس (IAS) میں شامل ہو کر بیوروکریسی کے اعلیٰ عہدوں پر فائز رہنے والے ایک مسلمان افسر کے تجربات و مشاہدات پر مبنی ۱۵ ناولوں سے بھی دل چسپ ۱۵ واقعاتی مضامین۔ تاریخ' تہذیب' مزاج' ذہنیت' معاشرت اور تمدن کے مختلف پہلوؤں کی گرہیں کھولنے والی تحریریں۔]

☆ ۱- **کنز الحدیث'** ۲- **دنیا' قرآن و سنت کی روشنی میں** (احادیث کے دو مجموعے)' ترتیب و تدوین: محمد عمر خاں۔ ملنے کا پتا: قصر عبداللہ' کہکشاں سٹریٹ نمبر ۵' نیو گل گشت کالونی' ملتان۔ صفحات: ۹۰ اور ۷۲۔ قیمت: ۳۵ اور ۲۵ روپے۔ [آرٹ پیپر پر' خوب صورت ڈیزائن میں' پاکٹ سائز کے مجموعے۔ پہلا مجموعہ حقوق' عبادات اور اخلاقی کمزوریوں پر ہے۔ بہت اچھا انتخاب اور اچھی پیش کش۔ بڑی تعداد پر خصوصی رعایت۔]

---

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com